ادارہ

دارالعلوم حقانیہ کے شب و روز

شیخ الحدیث مدظلہٗ کی مصروفیات | جمعیۃ علماء اسلام کے مشائخ و اکابر کے اصرار پر حضرت شیخ الحدیث ظلہٗ لاہور کی شریعت کانفرنس منعقدہ موچی دروازہ لاہور میں تشریف لے گئے۔ اہالیانِ لاہور نے اسے عظیم سان قرار دیا۔ مخلصین و محبین دارالعلوم کے فضلاء اور عقیدتمندوں نے آپ کی علالت، ضعف و پیران سالی ے باوجود اپنے ہاں تشریف آوری پر بڑے اہتمام سے کانفرنس میں شرکت کے پروگرام بنائے۔ اس سفر میں مولانا میع الحق صاحب اور مولانا انوار الحق صاحب بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ کانفرنس سے حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ اور مولانا میع الحق نے خطاب بھی فرمایا۔

● اسی طرح قومی اسمبلی کے اجلاس میں بھی شریک ہوتے رہے۔ نفاذِ اسلام کیلئے آئینی اور قانونی جنگ میں راض و عوارض کے باوجود برابر کا حصہ لیا خدا کرے کہ پیرانی سالی اور ضعف و علالت کی اس حالت میں آپ کے مساعی ۔آور ہوں۔

● گذشتہ دنوں مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی کے شدید اصرار و مطالبے پر ان کے برخوردار راشد الحسینی ضل دارالعلوم حقانیہ کی تقریب دستار بندی میں شرکت فرمائی۔

● مدیر الحق مولانا سمیع الحق سینٹ کے اجلاس میں غلبۂ حق اور شریعت بل کے منظور کرانے کے سلسلہ میں اعدہ طور پر شریک ہوتے رہے۔

● گذشتہ دنوں اکابرین وفاق کے اصرار پر ملتان میں منعقد ہونے والے وفاق کے مجلس عاملہ کے اجلاس میں لت کی اور وفاق کی دستوری اصلاح و مباحث میں حصہ لیا۔

● ۷ مارچ ۱۹۸۶ء کو جمعیۃ علماء اسلام کے زیر اہتمام نشتر پارک کراچی کی عظیم الشان تاریخی کانفرنس حضرت یخ الحدیث مدظلہٗ بوجہ علالت کے شریک نہ ہو سکے۔ مولانا سمیع الحق صاحب نے ان کی نیابت کی، ان کا پیغام سنایا اور اجلاس سے خطاب بھی کیا۔

وفیات اور تعزیت | حضرت مولانا عبدالحنان صاحب آف تاجک (کیمبلپور) مدینہ منورہ میں انتقال گئے۔ مرحوم جید عالم، متقی پرہیزگار اور سنت رسول ﷺ کے سچے عاشق تھے۔ ساری عمر درس و تدریس، تبلیغ و